بی جے پی دہلی میں امن وقانون برقرار رکھنے میں ناکام: آتشی

یو این آئی

نئی دہلی/// دہلی کی وزیراعلیٰ آتشی نے بدھ کو کہا کہ قومی راجدھانی میں امن وقانون کی صورتحال ابتر ہوگئی ہے اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی حکومت والی مرکزی حکومت امن وقانون برقرار رکھنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے محترمہ آتشی نے آج یہاں سندر نگری کا دورہ کیا اور ایک نوجوان کے اہل خانہ سے ملاقات کی جسے ایک معمولی بات پر دن دہاڑے قتل کردیا گیا تھا، اور انہیں تسلی دی۔ اس کے علاوہ دہلی حکومت کی طرف سے مرنے والے کے کنبہ کو 10 لاکھ روپے کی امدادی رقم بھی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی حکومت والی مرکزی حکومت کے پاس دہلی میں صرف ایک کام ہے یعنی دہلی کے امن وقانون کو سنبھالنا لیکن وہ اس میں پوری طرح ناکام ہوگئی ہے، دہلی میں کھلی فائرنگ، بھتہ خوری اور قتل روزمرہ کی بات ہوگئی ہے، لیکن وزیر داخلہ امت شاہ انتخابی ریلیوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا، "سیاست کرنے کے بجائے، وزیر داخلہ کو دہلی کی سیکورٹی کو سنبھالنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہئے، ان کی ناکامی کی وجہ سے دہلی

جرائم کی راجدھانی بن گئی ہے، دہلی میں غنڈہ گردی کرنے والوں میں کوئی خوف نہیں بچا، انہیں لگتا ہے کہ وہ کھلے عام جرائم کر سکتے ہیں اور پولیس کچھ نہیں کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا، "سندر نگری میں ایک نوجوان اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا کیونکہ دہلی میں امن و قانون کی صورتحال خراب ہوگئی ہے۔ یہ بہت افسوسناک ہے کہ ملک کی راجدھانی میں اس طرح کے واقعات ہر روز ہو رہے ہیں۔ کبھی راجوری گارڈن میں فائرنگ کا واقعہ سننے کو ملتا ہے تو کبھی نانگلوئی میں ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکار اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔

ایس پی ووٹروں کو ووٹ دینے سے روک رہی ہے پولیس: اکھلیش

یو این آئی

لکھنؤ/// سماج وادی پارٹی (ایس پی) سربراہ اکھلیش یادو نے الزام لگایا ہے کہ اسمبلی ضمنی الیکشن میں پولیس انتظامیہ ایس پی حامیوں کو ووٹ دینے سے روک رہی ہے اور ایسے میں الیکشن کمیشن کو مداخلت کرنے کی ضرورت ہے۔ یادو نے بدھ کو یہاں میڈیا نمائندوں سے بات چیت میں کہا کہ کانپور کے سیسا مئو سمیت کچھ دیگر اسمبلی حلقوں میں پولیس رائے دہندگان کے شناختی کارڈ دیکھ رہی ہے اور انہیں ووٹ دینے سے روکا جارہا ہے جو غیر جمہوری ہے۔ انہوں نے رائے دہندگان سے اپیل کی کہ وہ اپنے ووٹوں کا استعمال ضروری کریں اور تب تک پولنگ سنٹروں ُر جائے جب تک انہیں ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ ایس پی صدر نے ایکس پر بھی لکھا' اتر پردیش میں جن رائے دہندگان کو پولیس انتظامیہ کے ذریعہ ووٹ ڈالنے سے روکا گیا ہے۔ وہ ایک بار پھر سے ووٹ ڈالنے جائیں۔ اس انتخابی گڑبڑی کی اطلاع ہر طرح پھیل گئی ہے۔ الیکشن کمیشن بھی سرگرم ہوگیا ہے اور اب اس کی طرف سے یہ تیقن مل رہا ہے کہ جن لوگوں کو ووٹ ڈالنے سے روکا گیا ہے۔ وہ ایک بار پھر سے اپنا ووٹ ضرور ڈالیں۔ اب کوئی گڑبڑی نہیں ہونے دی جائے گی۔ اگر پھر سے کوئی روکے تو آپ وہاں موجود الیکشن کمیشن کے افسران یا سیاسی پارٹیوں کے لوگوں کو مطلع کریں یا الیکشن کمیشن سے سیدھی شکایت کریں۔ الیکشن کمیشن سے ملے اس تیقن کے لئے شکریہ۔ یادو نے کہا کہ بی جے پی حکومت کے اشارے پر مسلم اکثریتی علاقوں میں چنندہ پولیس افسران کی تعیناتی کی گئی ہے۔ اور ان افسران کی فہرست ان کے پاس ہے۔

وزیراعظم نے ووٹروں سے مہاراشٹر، جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات میں پرجوش طریقے سے ووٹ ڈالنے کی اپیل کی

یو این آئی

نئی دہلی/// وزیراعظم نریندر مودی نے بدھ کو مہاراشٹرا اور جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات میں ووٹروں سے جمہوریت کے اس تہوار پر اپنے گھروں سے باہر نکل کر جوش وخروش سے ووٹ ڈالنے کی اپیل کی۔ مسٹر مودی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر مہاراشٹر کے ووٹروں پر زور دیتے ہوئے پوسٹ کیا ''مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں آج تمام سیٹوں کے لیے ووٹنگ ہوگی۔ میں ریاست کے ووٹروں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ پورے جوش و خروش کے ساتھ اس میں حصہ لیں اور جمہوریت کے جشن کی رونق میں اضافہ کریں۔ اس موقع پر تمام نوجوان اور خواتین ووٹرز سے پرجوش طریقے سے ووٹ ڈالنے کی اپیل ہے۔'' ایک اور

پوسٹ میں، وزیراعظم نے جھارکھنڈ کے ووٹروں کے لیے لکھا ''آج جھارکھنڈ میں جمہوریت کے عظیم تہوار کا دوسرا اور آخری مرحلہ ہے۔ میں تمام ووٹرز سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس میں جوش وخروش سے حصہ لیں اور ووٹنگ کا نیا ریکارڈ بنائیں۔ اس موقع پر میں اپنے تمام نوجوان دوستوں کو خاص طور پر جو پہلی بار ووٹ ڈالنے جا رہے ہیں، مبارکباد دیتا ہوں۔ آپ کا ہر ووٹ ریاست کی طاقت ہے۔ مہاراشٹر کی 288 اسمبلی سیٹوں اور جھارکھنڈ کی 38 اسمبلی سیٹوں کے لیے آج ووٹنگ ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اتر پردیش کی نو اسمبلی سیٹوں، پنجاب کی چار اور کیرالہ اور اتراکھنڈ کی ایک ایک سیٹ کے ساتھ ساتھ مہاراشٹر کی ناندیڑ لوک سبھا سیٹ پر بھی ضمنی انتخابات کے لیے ووٹنگ ہو رہی ہے۔

گیانا اور باربڈوس وزیراعظم کو اپنے ملک کے اعلیٰ شہری اعزازات سے نوازیں گے

یو این آئی

نئی دہلی/// گیانا اور باربڈوس وزیراعظم نریندر مودی کو اپنے ملک کے اعلیٰ شہری اعزاز سے نوازیں گے اور اس طرح مسٹر مودی کو ملنے والے بین الاقوامی اعزازات کی تعداد بڑھ کر 19 ہوگئی ہے وزیراعظم کے دفتر سے جاری ایک بیان کے مطابق گیانا مسٹر مودی کو اپنا سب سے اعلیٰ قومی اعزاز 'دی آرڈر آف ایکسیلنس' عطا کرے گا اس کے ساتھ باربڈوس انہیں باوقار اعزازی 'آرڈر آف فریڈم آف باربڈوس' سے نوازے

گا۔ اس سے قبل حال ہی میں ڈومینیکا نے بھی مسٹر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین قومی اعزاز ''ڈومینیکا ایوارڈ آف آنر'' کا اعلان کیا تھا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گیانا پہنچنے پر وزیراعظم کا شاندار استقبال کیا گیا۔ ایئرپورٹ پر ان کے استقبال کے لیے صدر ڈاکٹر عرفان علی، وزیراعظم مارک انتھونی فلپس، سینئر وزراء اور دیگر معززین موجود تھے۔ ان کا اظہار تشکر کرتے ہوئے مسٹر مودی نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی کو مزید گہرا کرے گا۔

جے کے ایس ایس بی امتحان: ضلع انتظامیہ ادھمپور نے تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا

لازوال ڈیسک

ادھمپور/// کانسٹیبلوں کی بھرتی کے لیے آئندہ ہونے والے جے کے ایس ایس بی امتحان کے ہموار انعقاد کو آسان بنانے کے لیے، ضلع انتظامیہ ادھمپور نے آج ڈپٹی کمشنر سلونی رائے کی نگرانی میں نگران عملے کے لیے ایک تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا۔ وہیں افسران کو یہ تربیت ڈی سی آفس کمپلیکس کے کانفرنس ہال میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پریم سنگھ کی موجودگی میں دی گئی۔ وہیں شروع میں، جے کے ایس ایس بی کے اسسٹنٹ کنٹرولر امتحان نے ضلع بھر میں شناخت شدہ مراکز پر امتحانی عمل کو ہموار اور شفاف بنانے میں نگران عملے کے کردار اور ذمہ داریوں کے بارے میں ایک معلوماتی پاور پوائنٹ پریزنٹیشن پیش کی۔ وہیں اے ڈی سی نے سینئر آبزرور مجسٹریٹس، سینٹر سپرنٹنڈنٹس، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس اور انوجیلیٹر اسٹاف کی کافی تعیناتی پر روشنی ڈالی، اس بات پر زور دیا کہ امتحان کے بغیر کسی رکاوٹ کے انعقاد کے لیے تمام ضروری انتظامات کو احتیاط سے رکھا گیا ہے۔ اے ڈی سی نے ٹرینیز پر زور دیا کہ وہ اپنے متعلقہ مراکز میں شفاف امتحان کے طریقہ کار پر سختی سے عمل کریں۔

کھڑگے-راہل اور پرینکا نے لوگوں سے بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے کی اپیل کی

یو این آئی

نئی دہلی/// کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، سابق صدر راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی نے جھارکھنڈ اور مہاراشٹر کے لوگوں سے آج بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے کی اپیل کی ہے۔ مسٹر کھڑگے نے کہا ''مہاراشٹر اور جھارکھنڈ کے ہمارے شہریوں نے ووٹ ڈالنا شروع کر دیا ہے۔ مہاراشٹر کے تمام ووٹروں سے شیواجی-شاہو-پھولے-امبیڈکر کے نظریہ پر عمل کرنے والوں سے درخواست ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ دیں۔ مہاراشٹر کے فخر، ریاست کی خوشحالی اور دہائیوں سے ہو رہی ترقی

کو محفوظ کریں۔ مہاراشٹر سے موقع پرست سیاست، چنندہ سرمایہ داروں کو فائدہ پہنچانے کی پالیسی اور کسانوں اور نوجوانوں کے مستقبل کو خطرے میں ڈالنے والی طاقتوں سے دور رہیں۔ مہاراشٹر میں پیسے، طاقت اور باہوبل کی سیاست کبھی نہیں ہوتی، ای وی ایم پر ووٹ ڈالنے سے پہلے آپ کو سوچنا ہوگا کہ اس طرح کے گرتے ہوئے سیاسی معیار نے مہاراشٹر کی عزت نفس کو کتنی ٹھیس پہنچائی ہے۔ انہوں نے کہا ''جھارکھنڈ کے لوگوں نے پہلے مرحلے میں عوامی بہبود، پانی، جنگل، زمین اور قبائلی تہذیب کے تحفظ کے لیے ووٹ دیا تھا، اس مرحلے میں بھی آپ کو اپنے حقوق کی حفاظت کرنی ہے۔ سماجی انصاف کی جیت یقینی ہے، پولرائزیشن کی شکست یقینی ہے۔'' ہمارے نوجوان دوستوں سے اپیل ہے کہ ووٹ ضرور ڈالیں، ہم جمہوریت کے اس تہوار پر ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ووٹ دیں اور دوسروں کو بھی ووٹ دینے کی ترغیب دیں۔'' مسٹر گاندھی نے کہا ''مہاراشٹر کے بھائیو اور بہنو، میں آپ سب سے اپیل کرتا ہوں کہ آج ریاست کی عزت نفس اور آئین کی حفاظت کے لیے ووٹ دیں۔ مہاوکاس اگھاڑی کو دیا گیا آپ کا ہر ووٹ آپ کی نوکریوں اور پروجیکٹوں کی چوری کو روکے گا، کسانوں کو ان کی فصلوں کی مناسب قیمت فراہم کرے گا اور 5 گارنٹیوں کے ساتھ آپ کی زندگی میں خوشحالی لائے گا۔ محترمہ گاندھی نے کہا ''مہاراشٹر کے بھائیو اور بہنو، مہنگائی، بے روزگاری، معاشی بحران اور روزمرہ کے مسائل کے خلاف ووٹ دیں۔ ہمارے آئین نے آپ کے ہاتھ میں یہ اختیار دیا ہے کہ آپ اپنے ووٹ سے حکومت منتخب کریں جو صرف آپ کے لئے کام کرے۔ اس جمہوریت اور آئین کی حفاظت کے لیے، سماجی انصاف کی مضبوطی کے لیے، دلتوں، پسماندہ طبقات، قبائلیوں، کسانوں، خواتین، متوسط طبقے، تاجروں اور عام لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے، پیسے کی طاقت کی سیاست کے خلاف بڑی تعداد میں ووٹ دیجئے اور بڑی اکثریت سے مہاوکاس اگھاڑی کی حکومت بنائیے۔

بی جے پی مسلمانوں اور دلتوں کی سیاسی قیادت کو ختم کرنے کی سازش کر رہی ہے: عدنان اشرف

یو این آئی

نئی دہلی/// آج کے موجودہ ملک کے سیاسی حالات پر اگر آپ غور کریں تو دیکھیں گے کہ بی جے پی خفیہ طور پر سازش کر کے مسلم اور دلت قیادت کو پورے ملک سے آہستہ آہستہ ختم کر رہی ہے وہ نہیں چاہتی کہ مسلم اور دلت سیاسی طور پر مستحکم ہوں اور ملک کی قیادت میں اپنا کردار ادا کرکے سیاست میں اپنی نمائندگی حاصل کرسکیں۔ یہ بات آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے نیشنل میڈیا انچارج اور مہاراشٹر اور جھارکھنڈ کے کانگریس کے اقلیتی شعبہ کے انچارج عدنان اشرف نے کہی۔ انہوں نے آج یہاں جاری ایک بیان میں کہا کہ یہی وجہ ہے کہ وہ مسلم

قائدین کو کہیں انکاونٹر میں تو کہیں بدعنوانی کے جھوٹے کیسوں میں پھنسا کر جیل کی سلاخوں کے پیچھے دھکیل رہی ہے۔ انہوں نے مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں جاری اسمبلی انتخابات کے پیش نظر دونوں ریاستوں میں مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ انہوں نے اپنے انتخابی دورے کے دوران صحافیوں سے عوامی مسائل پر گفتگو کی اور ریلیوں سے خطاب بھی کیا۔ انہوں نے مہاراشٹر کے موجودہ سیاسی تناظر میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی مرکز اور مہاراشٹر میں گزشتہ دس برسوں سے اقتدار میں ہے مگر انہوں نے عوام کے لئے کوئی کام نہیں کیا۔ جو وعدے کئے وہ زمینی سطح پر پورے نہیں ہوئے۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے خلاف خوب تشہیر کی مگر اقتدار میں آنے کے بعد مہنگائی اور بے روزگاری پر گفتگو نہ کرکے محض فرقہ وارانہ نفرت پھیلا رہے ہیں۔ ان کے پاس عوام کے سامنے بتانے کیلئے کوئی ترقیاتی کام نہیں ہے۔ سب کا ساتھ اور سب کا وکاس ایک خوبصورت نعرہ تھا مگر وزیراعظم اور بی جے پی رہنما کہیں اب اس نعرے کا ذکر نہیں کر رہے ہیں، ان کا زور صرف نفرت کی سیاست پر ہے۔ کانگریس کے قومی میڈیا انچارج عدنان اشرف نے اس دوران جھارکھنڈ کے مختلف اضلاع کا دورہ کیا جہاں انہوں نے انتخابی ریلیوں سے خطاب بھی کیا۔ ایک انتخابی ریلی میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مسلمانوں سے سیاست میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی مسلم قیادت کو ختم کرنا چاہتی ہے اس لئے مسلمانوں سے اپیل ہے۔

اپنی پارٹی کے ضلع صدر سرینگر کی چاچی کا انتقال

سید محمد الطاف بخاری نے اظہار تعزیت کیا، آفتاب ملک سوگوار کنبے سے جا ملے

لازوال ڈیسک

سرینگر/// اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے پارٹی کے ضلع صدر سرینگر محمد شفیع میر سے ان کی چاچی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ متوفی ساجا بیگم زوجہ عبدالغنی میر ساکن اتھواجن کل یعنی منگل کو یہ دار فانی چھوڑ کر اپنے خالقِ حقیقی سے جاملیں۔ اس ضمن میں اپنے تعزیتی پیغام میں سید محمد الطاف بخاری نے کہا، ''میں اپنے ساتھ محمد شفیع میر کی چاچی کے انتقال پر اُن سے اور سوگوار کنبے کے دیگر اراکین سے اپنی دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو اُن کی جدائی کا صدمہ برداشت کرنے کے لئے ہمت عطا کرے۔'' دریں اثناء پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اور چیئرمین ڈی ڈی سی سرینگر آفتاب ملک نے اتھواجن سرینگر میں واقع سوگوار کنبے کے گھر جا کر اُن سے اظہارِ تعزیت و ہمدردی کیا۔ موصولہ بیان کے مطابق آفتاب ملک نے سوگوار خاندان کے اراکین سے ملاقات کی اور ان کے صدمے پر اپنے دُکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس موقعے پر مرحومہ کے ابدی سکون اور سوگواروں کیلئے صبر وتحمل کیلئے دعا کی۔

NOTICE

I Hasan ul Haq S/o Zulfiqar Ahmed Mother Name Zahida khatoon R.o Gulhotta Teh Mendhar Distt. Poonch. Have applying for correction of my mother name which has been wrongly written as in 10th Marksheet is Zabida khatoon.instead of correct name is Zahida Khatoon.objection if any may be conveyed to the concerned authorities with in seven days from the date of publication of this notice.

NOTICE

I Adil Habib S/o Zakar Hussain R.o Dhargloon Teh Balakote Distt. Poonch. have applying for correction of my father's name in school record which has been wrongly written as Zakir Hussain. Instead of correct name is Zakar Hussein objection if any may be conveyed to the ZEO Balakote within seven days from the date of publication of this notice.

NOTICE

I Mohd Sami S/o Zakar Hussain R/o Dhargloon Teh Balakote Distt. Poonch.have applying for correction of my father's name which has been wrongly written as Zakir Hussain.instead of correct name is Zakar Hussain in my school record objection if any may be conveyed to the ZEO Balakote within seven days from the date of publication of this notice.

NOTICE

I Adnan Zakir S/o Zakar Hussain R.o Dhargloon Teh Balakote Distt. Poonch. Have applied for correction of my father's name which has been wrongly written as in school record is Zakir Hussain. Instead of correct name is Zakar Hussain objection if any may be conveyed to the ZEO Balakote within a week from the date of publication of this notice.

BEFORE THE EXECUTIVE MAGISTRATE 1st CLASS THAKRAKOTE

Mohd Khalil S/o Abdul R/o Prankote Tehsil Thakrakote & Distt Reasi.
(Applicant)
V/s
1. Incharge Police Station Arnas
2. Incharge BDO Jij Bagli
(Non-applicant)

In the matter of Application for seeking direction upon the non-applicant to enter/register the birth particulars of the applicant Self in the Birth Register.

NOTICE FOR PUBLIC AT LARGE

Whereas, the applicant named above has filed an application seeking direction to the non-applicant to register the date of Birth particulars of applicant as mentioned below in the concerned register

S.no.	Name Under registration	Father Name	Date of birth	Place of birth	Mother Name
1	Mohd Khalil	Abdul	02-03-2001	Home	Ammna Begum

. Therefore by virtue of this notice public at large is informed that if any person has/have any objection in respect to the above mentioned application, he/she shall file his/her objection in this office within 07 days from the issuance of this notice failing which said application shall be dealt into in accordance with law.

Sd/-
Executive Magistrate 1st Class Thakrakote

BEFORE THE EXECUTIVE MAGISTRATE 1st CLASS THAKRAKOTE

Mumtaz Ahmed S/o Abdul R/o Prankote Tehsil Thakrakote & Distt Reasi.
(Applicant)
V/s
1. Incharge Police Station Arnas
2. Incharge BDO Jij Bagli
(Non-applicant)

In the matter of Application for seeking direction upon the non-applicant to enter/register the birth particulars of the applicant Self in the Birth Register.

NOTICE FOR PUBLIC AT LARGE

Whereas, the applicant named above has filed an application seeking direction to the non-applicant to register the date of Birth particulars of applicant as mentioned below in the concerned register

S.no.	Name Under registration	Father Name	Date of birth	Place of birth	Mother Name
1	Mumtaz	Abdul	01-01-1998	Home	Amna Begum

. Therefore by virtue of this notice public at large is informed that if any person has/have any objection in respect to the above mentioned application, he/she shall file his/her objection in this office within 07 days from the issuance of this notice failing which said application shall be dealt into in accordance with law.

Sd/-
Executive Magistrate 1st Class Thakrakote